176 ۹-۵

قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ

تمہارے رب نے فرمایا، دعا کرو، میں قبول کروں گا۔ سورۃ مومن

رسولِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم

کی

# پیاری دعائیں

خطیب اہل سنت سلطان احمد فاروقی سیالوی

فاضل حزب الاحناف پاکستان

لاہور

1726

ناشران

صاحبزادہ عثمان غنی، فیض الحسن فاروق، بلال اشرف

جامعہ جان محمد ـــــ صدر بازار ـــــ لاہور چھاؤنی

تعداد ۴۰۰۰

وریچم

59648

# حرف اوّل

شہنشاہ کونین رسول الثقلین فرمانروائے عرب و عجم جناب محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات گرامیہ دین و دنیا کی ہدایت ہیں۔ زندگی کا کوئی شعبہ اور گوشہ ایسا نہیں ہے جس کے متعلق حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری رہنمائی نہ فرمائی ہو۔ چنانچہ اس مختصر سے کتابچہ میں سرکار دو عالم صلعم کی وہ دعائیں معہ ترجمہ قارئین حضرات کی آسانی کے لئے تاکہ مطلب کے سمجھنے میں دقت نہ ہو جمع کر دی گئی ہیں۔ جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی حیات طیبہ میں خود مانگا کرتے تھے۔ اللہ تعالےٰ ہم سب اہل اسلام کو حضور علیہ السلام کا کردار عالی اور طریق عبادات اپنانے کی توفیق کامل بخشے۔ آمین

## حسب فرمائش

یہ دعائیں استاد محترم حضرت استاد العلماء مفتی پاکستان مولانا علامہ السید سید احمد شاہ صاحب ناظم اعلیٰ دارالعلوم حزب الاحناف اور اعلیٰ حضرت شیخ الاسلام الحاج مولانا محمد قمرالدین صاحب سجادہ نشین سیال شریف کی فرمائش کے مطابق ترتیب دی گئی ہیں۔ اللہ تعالےٰ ان حضرات کا سایہ مقدس ہمارے سروں پہ قائم و دائم رکھے۔ اور خداوند عالم ان دو حضرات کے خاندان عالیہ کے اقبال میں اس سے زیادہ بلندی درجات عطا فرمائے۔

خاکراہ گزر

سلطان احمد فاروقی سیالوی خطیب جامع مسجد
میاں جان محمد صدر بازار راولپنڈی چھاؤنی

Marfat.com

# ترتیب


| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| صبح کی دعا | ۵ | چاشت کی نماز پڑھ کر یہ پڑھے | ۱۰ |
| جب سورج نکلے تو یہ پڑھے | ۵ | جب گھر سے نکلے تو یہ پڑھے | ۱۱ |
| شام کی دعا | ۵ | آسمان کی طرف منہ اٹھا کر یہ پڑھے | ۱۱ |
| سوتے وقت پڑھنے کی چیزیں | ۵ | گھر میں داخل ہو کر یہ دعا پڑھے | ۱۲ |
| سونے لگے تو یہ دعا پڑھے | ۶ | جب کھانا شروع کرے | ۱۲ |
| سوتے میں ڈرنے کی دعا | ۶ | شروع میں بسم اللہ کہنا بھول جائے تو پڑھے | ۱۲ |
| سو کر اٹھے تو یہ دعا پڑھے | ۶ | جب کھانا کھا چکے تو یہ دعا پڑھے | ۱۲ |
| جب پاخانہ جائے | ۷ | دسترخوان سے اٹھنے پر یہ پڑھے | ۱۳ |
| جب پاخانہ سے نکلے | ۷ | کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھوئے تو پڑھے | ۱۳ |
| وضو کے شروع میں یہ پڑھے | ۷ | دودھ پی کر یہ دعا پڑھے | ۱۳ |
| وضو کے درمیان یہ پڑھے | ۷ | جب کسی کے دعوت کھائے یہ پڑھے | ۱۳ |
| جب وضو کر چکے | ۸ | پینے کا بیان | ۱۴ |
| جب مسجد میں داخل ہو | ۸ | روزہ افطار کرے تو پڑھے | ۱۴ |
| مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ پڑھے | ۸ | افطار کے بعد یہ پڑھے | ۱۴ |
| جب مسجد سے نکلے | ۹ | کسی کے ہاں افطار کرے تو پڑھے | ۱۴ |
| جب اذان کی آواز سنے تو یہ پڑھے | ۹ | جب نیا کپڑا پہنے تو پڑھے | ۱۵ |
| اذان ختم ہونے کے بعد یہ پڑھے | ۱۰ | بیوی سے ہم بستری کے ارادہ پر یہ دعا پڑھے | ۱۵ |
| وتر پڑھ کر یہ دعا پڑھے | ۱۰ | | |


Marfat.com

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| صحبت کرتے وقت جب منی نکلے تو دل میں یہ دعا پڑھے | ۱۵ |
| جب نیا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے | ۱۶ |
| گدھے یا کتے کی آواز سننے پر یہ پڑھے | ۱۶ |
| سفر کا ارادہ کرنے پر یہ پڑھے | ۱۶ |
| دوسرے کو مصیبت یا پریشانی میں دیکھنے پر یہ دعا پڑھے | ۱۷ |
| سفر سے واپسی پر گھر آئے تو پڑھے | ۱۷ |
| قبرستان میں جائے تو یہ پڑھے | ۱۷ |
| جب دشمنوں کا خوف ہو تو پڑھے | ۱۸ |
| ادائے قرض کی دعا | ۱۸ |
| مصیبت پڑنے پر یہ دعا پڑھے | ۱۸ |
| بارش کے لئے دعا | ۱۹ |
| جب آندھی آئے تو پڑھے | ۱۹ |
| شب قدر کی دعا | ۱۹ |
| جب کوئی سلام بھیجے | ۲۰ |
| چیز گم ہوجانے پر پڑھے | ۲۰ |
| آگ لگتی دیکھے تو یہ پڑھے | ۲۱ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| دشمن گھیر لیں تو یہ پڑھے | ۲۱ |
| آنکھ دکھنے آجائے تو یہ پڑھے | ۲۱ |
| اگر بدن میں درد ہو تو پڑھے | ۲۱ |
| نظر لگ جانے پر پڑھ کر دم کرے | ۲۲ |
| بخار چڑھ آئے تو یہ پڑھے | ۲۲ |
| بدن میں کسی جگہ تکلیف ہونے پر پڑھے | ۲۳ |
| بچے کو مرض یا کسی اور شر سے بچانے کی دعا | ۲۴ |
| نماز حاجت کا طریقہ | ۲۴ |
| دعائے استخارہ اور اس کا طریقہ | ۲۶ |
| سجدۂ تلاوت کی دعا | ۲۷ |
| زیارۃ القبور کی دعا | ۲۷ |
| آئینہ دیکھنے کی دعا | ۲۸ |
| کشائش رزق کی دعا | ۲۸ |
| اخلاق رذیلہ سے بچنے کی دعا | ۲۹ |
| دانت اور کان کے درد کی دعا | ۲۹ |
| حصول محبت الٰہی کے لئے دعا | ۳۰ |
| اپنے ساتھ احسان کرنے والے کیلئے دعا | ۳۰ |


Marfat.com

## صبح کی دعا

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَ بِکَ اَمْسَیْنَا وَ بِکَ نَحْیٰی وَ بِکَ نَمُوْتُ وَ اِلَیْکَ النُّشُوْرُ ،

(ابن حبان)

اے اللہ تیری قدرت سے ہم صبح کے وقت داخل ہوئے اور تیری قدرت سے ہم شام کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری قدرت سے ہم جیتے اور مرتے ہیں اور تیری طرف ہی مرنے کے بعد اٹھ کر جانا ہے ۔

## جب سورج نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَقَالَنَا یَوْمَنَا ھٰذَا وَ لَمْ یُھْلِکْنَا

(حصن حصین)

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے آج ہمیں معاف رکھا اور گناہوں کے سبب ہمیں ہلاک نہ فرمایا ۔

## شام کی دعا

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَ بِکَ اَصْبَحْنَا وَ بِکَ نَحْیٰی وَ بِکَ نَمُوْتُ وَ اِلَیْکَ النُّشُوْرُ ،

اے اللہ ہم تیری قدرت سے شام کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری قدرت سے صبح کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری قدرت سے ہی ہم زندہ ہیں اور تیرے حکم سے ہی ہم کو موت آئیگی اور تیری ہی طرف جانا ہے ۔

## سوتے وقت پڑھنے کی چیزیں ،

جب سونے کا ارادہ کرے تو وضو کرے اور اپنے بستر کو تین بار جھاڑے

Marfat.com

پھر داہنی کروٹ پلیٹ کر سر کے نیچے داہنا ہاتھ رکھ کر ۳ بار یہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَجْمَعُ عِبَادَکَ (بخاری ومسلم)

اے اللہ تو مجھے اپنے عذاب سے بچا جس روز تو اپنے بندوں کو جمع کرے گا۔

## سوتے وقت یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَھَدَأَتِ الْعُیُوْنُ اَنْتَ حَیٌّ قَیُّوْمٌ لَا تَاْخُذُکَ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَھْدِءْ لَیْلِیْ وَاَنِمْ عَیْنِیْ

اے اللہ ستارے چھپ گئے اور آنکھوں نے آرام لیا اور تو زندہ اور قائم رکھنے والا ہے تجھے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند آتی ہے، اے زندہ اور قائم رکھنے والے اس رات کو مجھے آرام دے اور میری آنکھ کو سُلا دے۔

## سوتے میں ڈر جائے تو یہ دعا پڑھے

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ

اللہ کے پورے کلمات کے واسطے سے میں اللہ کے غضب اور اسکے عذاب اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے وسوسوں اور میرے پاس انکے آنے سے پناہ چاہتا ہوں۔

## جب سو کر اٹھے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ

سب تعریفیں خدا کیلئے ہیں جس نے ہمیں مار کر زندگی بخش دی اور ہم کو اسی کی طرف

Marfat.com

اَلنُّشُوْرُ — اٹھ کر جانا ہے۔

## جب پاخانہ جائے

تو داخل ہونے سے پہلے بسم اللہ کہے۔ اور یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ، — اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں، خبیث جنوں سے، مرد ہوں یا عورت۔

## جب پاخانہ سے نکلے تو غُفْرَانَكَ کہے اور یہ پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰى وَعَافَانِیْ (مشکوٰۃ) — سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی۔ اور مجھے چین دیا۔

## جب وضو کرنا شروع کرے، تو یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ اس کا وضو ہی نہیں جس نے بسم اللہ نہ پڑھی ہو۔ (مشکوٰۃ)

## وضو کے درمیان یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ ، (نسائی) — اے اللہ میرے گناہ بخش دے اور میرے (قبر کے) گھر کو وسیع فرما اور میرے رزق میں برکت دے۔

Marfat.com

## جب وضو کر چکے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلعم) اللہ کے بندے اور اس کے رسُول ہیں۔

## جب مسجد میں داخل ہو

تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج کر یہ دعا پڑھے

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ،

اے رب میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

## مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

(ترمذی شریف)

Marfat.com

## جب مسجد سے نکلے

تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج کر یہ پڑھے

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ (ترمذی)

اے رب میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔

## جب اذان کی آواز سنے تو یہ دعا پڑھے

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا،

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور رسول ہیں۔ میں اللہ کو رب ماننے اور محمد کو رسول ماننے پر اور اسلام کو دین ماننے پر راضی ہوں۔

حدیث شریف میں ہے کہ اذان کی آواز سن کر یہ دعا پڑھے تو اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (مسلم)

اور حدیث شریف میں ہے جو شخص موذن کا جواب دے اس کے لئے جنت ہے (حصن) لہذا موذن کا جواب دیوے، یعنی جو موذن کہے وہی کہتا جائے۔

حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے جواب میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہے۔

Marfat.com

## اذان ختم ہونے کے بعد درود پڑھ کر یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَ الصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَ الْفَضِیْلَۃَ وَ ابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ،

اے اللہ اس پوری پکار کے رب اور قائم ہونے والی نماز کے رب محمد (صلعم) کو وسیلہ عطا فرما (جو جنت کا ایک درجہ ہے) اور ان کو فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ بیشک تو وعدہ خلاف نہیں فرماتا ہے۔

(فائدہ)

اس کے پڑھ لینے سے رسول اللہ صلعم کی شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔ (مشکوٰۃ)

## وتر پڑھ کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ

پاکی بیان کرتا ہوں بادشاہ کی (یعنی اللہ کی) جو بہت زیادہ پاک ہے۔

تیسری بار آواز بلند کہے اور قدوس کی دال کو خوب کھینچے (حصن)

## چاشت کی نماز پڑھ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ بِکَ اُحَاوِلُ وَ بِکَ اُصَاوِلُ

اے اللہ میں تجھ سے ہی اپنے مقاصد کی کامیابی کی طلب کرتا ہوں اور تیری

Marfat.com

وَبِكَ اُقَاتِلُ — ہی مدد سے دشمنوں پر حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے جہاد کرتا ہوں۔

(فائدہ ۱) ہر فرض نماز کے بعد ۳۳ بار سبحان اللہ اور ۳۳ بار الحمد للہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر پڑھنے کی یہ فضیلت ہے کہ بہت زیادہ صدقہ کرنے کا ثواب ملتا ہے (بیہقی)

(فائدہ ۲) ہر فرض نماز کے بعد جو کوئی آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرے اس کے جنت میں جانے میں صرف مرنے کی دیر ہے۔ (بیہقی)

## جب گھر سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ | میں اللہ کا نام لیکر نکلا۔ میں نے اللہ پر بھروسا کیا۔ گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ |

## اور آسمان کی طرف منہ اٹھا کر یہ بھی پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ | اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں گمراہ ہو جاؤں یا گمراہ کر دیا جاؤں یا ظلم کروں یا مجھ پر ظلم ہو، یا جہالت کروں یا مجھ پر جہالت ہو۔ |

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص گھر سے نکل کر پہلی دعا کو پڑھ لے تو شیطان ہٹ جاتا ہے یعنی اس کے بہکانے اور ایذا دینے سے باز رہتا ہے۔ (مشکوٰۃ)

Marfat.com

## گھر میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلِجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَعَلَی اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا ،

اے اللہ میں تجھ سے اچھا داخل ہونا، اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں۔ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے اور ہم نے اللہ پر بھروسا کیا۔

اس کے بعد اپنے گھر والوں کو سلام کرے۔ (مشکوٰۃ)

## جب کھانا شروع کرے تو یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰی بَرَكَةِ اللّٰهِ

میں نے اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا۔

## اگر شروع میں بسم اللہ کہنا بھول گیا تو جب یاد آئے یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ

میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔

فائدہ: جس کھانے پر بسم اللہ نہ پڑھی جائے، شیطان کو اس میں ساتھ کھانے کا موقعہ مل جاتا ہے۔

## جب کھانا کھا چکے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ؕ

سب تعریفیں خدا کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور ہمیں پلایا۔ اور مسلمان بنایا۔

Marfat.com

## جب دستر خوان سے اٹھنے لگے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ غَیْرَ مَکْفِیٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًی عَنْہُ رَبَّنَا، (مشکوٰۃ)

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔ ایسی تعریف جو بہت ہو اور پاکیزہ ہو۔ اور بابرکت ہو، اے ہمارے رب ہم اس کھانے کو ناکافی سمجھ کر یا بالکل رخصت کر کے یا اس سے غیر محتاج ہو کر نہیں اٹھا رہے ہیں۔

## کھانے کے بعد جب ہاتھ دھوئے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَشْبَعْتَ وَاَرْوَیْتَ فَھَنِّئْنَا وَرَزَقْتَنَا فَاَکْثَرْتَ وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا، (حصن)

اے اللہ تو نے ہمارا پیٹ بھرا اور ہمیں سیراب کیا۔ سو تو اسے ہمارے بدن میں لگا دے اور تو نے ہمیں رزق دیا اور بہت دیا اور اچھا اچھا دیا سو تو ہمیں اور دے۔

## دودھ پی کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ (مشکوٰۃ)

اے اللہ تو اس میں ہمیں برکت دے اور ہم کو اور زیادہ دے۔

## جب کسی کے یہاں دعوت کھائے تو پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ

اے اللہ جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔

Marfat.com

## پینے کا بیان

پانی یا اور کوئی چیز بیٹھ کر پئے اور اونٹ کی طرح ایک سانس میں نہ پئے۔ بلکہ دو تین سانسوں میں پئے۔ اور برتن میں نہ سانس لے، نہ پھونکے، اور جب پینے لگے تو بسم اللہ پڑھے اور جب پی چکے تو الحمد للہ کہے۔ (مشکوٰۃ)

## جب روزہ افطار کرنے لگے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَ عَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ ، — اے اللہ میں نے تیرے لئے ہی روزہ رکھا اور تیرے ہی دیئے ہوئے رزق پر روزہ کھولا۔ (ابو داؤد شریف)

## افطار کے بعد یہ پڑھے

ذَھَبَ الظَّمَاُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ — پیاس چلی گئی اور رگیں تر ہوگئیں۔ اور انشاء اللہ ثواب ثابت ہوگا۔

## اگر کسی کے یہاں افطار کرے تو یہ پڑھے

اَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّائِمُوْنَ — تمہارے پاس روزہ دار افطار کریں

وَاَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ — اور نیک بندے تمہارا کھانا کھائیں۔

وَصَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ — اور فرشتے تم پر رحمت بھیجیں۔

Marfat.com

## جب نیا کپڑا پہنے تو یہ دعا پڑھی جائے

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا کَسَوْتَنِیْهِ اَسْئَلُکَ خَیْرَهٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ (ترمذی و ابو داؤد)

اے اللہ تیرے لئے سب تعریف ہے جیسا کہ تو نے یہ کپڑا مجھے پہنایا میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس کیلئے یہ بنایا گیا ہے اور میں تجھ سے اسکی برائی اور اس چیز کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں جس کیلئے یہ بنایا گیا ہے۔

## جب بیوی سے ہمبستری کا ارادہ کرے تو یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّیْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَا،

میں اللہ کا نام لیکر یہ کام کرتا ہوں۔ اے اللہ تو ہمیں شیطان سے بچا اور جو اولاد تو ہم کو دے اس سے (بھی) شیطان کو دور رکھ۔

اس دعا کے پڑھ لینے کے بعد اس وقت کی ہم بستری سے جو اولاد پیدا ہوگی، شیطان اسے کبھی ضرر نہ پہنچا سکے گا۔ (مشکوٰۃ)

## صحبت کرتے وقت جب منی نکلے تو دل میں یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْ لِلشَّیْطٰنِ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ نَصِیْبًا،

اے اللہ جو اولاد تو مجھے دے اس میں شیطان کا کچھ حصہ نہ کر۔

فائدہ ۱: ساتویں روز بچہ کا نام رکھے، اور عقیقہ کرے۔

فائدہ ۲: جب بچہ پیدا ہو تو اللہ تعالےٰ کے کسی نیک بندے کے پاس لیجائے

Marfat.com

اور ان سے برکت کی دعا کرائے اور کھجور یا چھوہارے (یا کوئی اور چیز) ان سے چبوا کر بچہ کے منہ میں ڈلوائے۔

## جب نیا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَ السَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ وَ التَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی رَبِّیْ وَ رَبُّکَ اللّٰہُ ،

اے اللہ اسے تو ہمارے اوپر برکت اور ایمان اور سلامت اور اسلام کے ساتھ اور ان اعمال کی توفیق کے ساتھ نکلا ہوا رکھ جو تجھے پسند ہیں اور جن سے تو راضی ہے اے چاند میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔

## جب غصہ آوے یا گدھے یا کتے کی آواز سنے یا برے وسوسے آئیں تو یہ پڑھے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان مردود سے۔

اور جب مرغ کی آواز سنے تو اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرے۔

(مشکوٰۃ وحصن)

## جب سفر کا ارادہ کرے تو یہ پڑھے

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصُوْلُ وَ بِکَ اَحُوْلُ وَ بِکَ اَسِیْرُ ،

اے اللہ میں تیری ہی مدد سے دشمنوں پر حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے میں طاقتور ہوں اور تیری ہی مدد سے چلتا ہوں

Marfat.com

## جب سفر سے واپس ہو کر گھر میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے

| | |
|---|---|
| اَوْبًا اَوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا | میں واپس آیا ہوں میں واپس آیا ہوں۔ |
| لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا | اپنے رب کے سامنے ایسی توبہ کرتا ہوں |
| (حصن) | جو ہم پر کوئی گناہ نہ چھوڑے۔ |

## جب دوسرے کو کسی مصیبت یا پریشانی یا بُرے حال میں دیکھے تو یہ دعا پڑھے

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ عَافَانِىْ | سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے |
| مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِىْ | مجھے اس حال سے بچایا، جس میں تجھے مبتلا |
| عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ | کیا اور اس نے اپنی بہت سی مخلوق پر |
| تَفْضِيْلًا | مجھے فضیلت دی۔ |

اس کی فضیلت یہ ہے کہ اس کے پڑھ لینے سے وہ مصیبت یا پریشانی پڑھنے والے کو نہ پہنچے گی جس میں وہ مبتلا تھا جسے دیکھ کر یہ دعا پڑھی ہو۔ (مشکوٰۃ)

تنبیہ: اگر وہ شخص مصیبت میں مبتلا ہو تو اس دعا کو آہستہ پڑھے۔

## جب قبرستان میں جائے تو یہ دعا پڑھے

| | |
|---|---|
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ | اے قبر والو! تم پر سلام ہو، ہم کو اور |
| الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ | تم کو اللہ بخشے، تم ہم سے پہلے جا |

Marfat.com

لَنَا وَ لَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَ نَحْنُ بِالْاَثَرِ

گئے۔ اور ہم بعد میں آنے والے ہیں۔

## جب دشمنوں کا خوف ہو تو یہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَ نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ ،

(ابوداؤد)

اے اللہ ہم تجھے ان (دشمنوں) کے سینوں میں (تصرف کرنیوالا) بناتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔

## ادائے قرض کی دعا

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

(ترمذی)

اے اللہ حرام سے بچاتے ہوئے اپنے حلال کے ذریعہ تو میری کفایت فرما۔ اور اپنے فضل کے ذریعہ تو مجھے دوسروں سے بے نیاز کر دے۔

## جب کوئی مصیبت پہنچے

اگرچہ کانٹا ہی لگ جائے — تو یہ دعا پڑھے

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

بے شک ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور ہم اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

Marfat.com

## بارش کے لئے دعا

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْ عَلٰی اَرْضِنَا | اے اللہ ہماری زمین پر اس کی زینت |
| زِیْنَتَهَا وَ سَكَنَهَا ، | (یعنی پھول بوٹے) اور اس کا چین آثار |

## جب آندھی آئے تو

## اس کی طرف منہ کرکے اور دوزانو بیٹھ کر یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رَحْمَةً | اے اللہ اسے رحمت بنا اور |
| وَّلَا تَجْعَلْهَا عَذَابًا | اسے عذاب نہ بنا |
| اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رِيَاحًا | اللہ اسے نفع والی ہوا بنا اور |
| وَلَا تَجْعَلْهَا رِيْحًا | نقصان والی ہوا نہ بنا۔ |

فائدہ: اگر آندھی کے ساتھ اندھیرا بھی ہو (جسے کالی آندھی کہتے ہیں) تو قل اعوذ برب الفلق ۔ قل اعوذ برب الناس پڑھے

(مشکوٰۃ)

## شب قدر میں یہ دعا مانگے

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ | اے اللہ بلاشبہ تو معاف کرنے والا ہے |
| الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ | معاف کرنے کو پسند کرتا ہے۔ لہذا |
| | تو مجھے معاف فرما دے۔ |

Marfat.com

## جب کوئی سلام بھیجے

### تو سلام لانے والے کو خطاب کر کے یوں کہے

عَلَیْکَ وَ عَلَیْہِ السَّلَامُ — تجھ پر اور اس پر سلام ہو۔

جب کسی سے اللہ کے لئے محبت ہو تو اس کو ظاہر کر دیوے۔ کہ مجھے آپ سے محبت ہے۔

## جب کوئی چیز گم ہو جائے

### یا غلام یا جانور بھاگ جائے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّالَّۃِ وَ ھَادِیَ الضَّالَّۃِ اَنْتَ تَھْدِیْ مِنَ الضَّلَالَۃِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ بِقُدْرَتِکَ وَ سُلْطَانِکَ فَاِنَّھَا مِنْ عَطَائِکَ وَ فَضْلِکَ

اے اللہ، اے گم شدہ کو واپس کرنے والے اور راہ بھٹکے کو راہ دکھلانے والے تو ہی گم شدہ کو راہ دکھاتا ہے اپنی قدرت اور غالبیت کے ذریعہ میری گم شدہ چیز کو واپس فرما دے۔ کیوں کہ وہ بے شک تیری عنایت اور تیرے فضل سے مجھ کو ملی تھی۔

Marfat.com

## جب آگ لگتی دیکھے تو

| | |
|---|---|
| اَللّٰہُ اَکْبَرُ | اللہ سب سے بڑا ہے۔ |

یعنے اللہ اکبر پڑھے، جس سے وہ آگ بجھ جائے گی۔ (حصن)

## اگر دشمن گھیر لیں تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا | اے اللہ ہماری آبرو کی حفاظت فرما |
| وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِنَا ، | اور خوف ہٹا کر ہم کو امن میں رکھ۔ |

## آنکھ دُکھنے آجائے تو یہ پڑھے

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ | اے اللہ میری بینائی سے مجھے نفع پہنچا |
| وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ | اور میرے مرتے دم تک اسے باقی |
| مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ | رکھ اور دشمن میں میرا انتقام مجھے دکھا |
| ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی | اور جس نے مجھ پر ظلم کیا۔ اس کے |
| مَنْ ظَلَمَنِیْ | مقابلہ میں میری مدد فرما۔ |

## اگر بدن میں کسی جگہ درد ہو

یا کوئی اور تکلیف ہو تو تکلیف کی جگہ داہنا ہاتھ رکھ کر پہلے تین بار بسم اللہ کہے اور پھر سات بار یہ پڑھے۔

Marfat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَ قُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ

اللہ کی ذات اور اس کی قدرت کی پناہ لیتا ہوں، اس چیز کے شر سے جس کی تکلیف پا رہا ہوں۔ اور جس سے ڈر رہا ہوں۔

## جب کسی کو نظر لگ جائے
## تو یہ پڑھ کر دم کرے

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَ بَرْدَھَا وَ وَصَبَھَا ،

میں اللہ کے نام سے دم کرتا ہوں اے اللہ اس کی گرمی اور تکلیف دینے والی ٹھنڈک اور اس کے لائے ہوئے مرض کو دور فرما۔

اس کے بعد یوں کہے۔ قم باذن اللہ (اللہ کے حکم سے کھڑا ہو)

(حصن حصین)

فائدہ: جس کی عقل ٹھکانے نہ ہو، تین روز تک صبح و شام سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس پر تھتکار دے۔ (ابوداؤد)

## جسے بخار چڑھ آوے
## یا کوئی اور تکلیف ہو تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ

اللہ کا نام لے کر شفا چاہتا ہوں۔

59648

Marfat.com

نَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

ہم اللہ کی پناہ چاہتے ہیں جو بڑا ہے۔ جو عظیم ہے۔ جوش ہوتی ہوئی رگ کے شر سے اور آگ کی گرمی کے شر سے۔

فائدہ: بخار کو برا کہنا منع ہے۔ (مسلم شریف)

## جب بدن میں کسی جگہ تکلیف ہو

یا

پھوڑا یا زخم ہو تو اپنی شہادت کی انگلی کو لعاب دہن لگا کر زمین پر رکھ دیجے اور پھر اٹھا کر زخم یا پھوڑے کی جگہ پھیرتے ہوئے یہ

## دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا لِیُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا

میں اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتا ہوں۔ یہ ہماری زمین کی مٹی ہے جو ہم میں سے کسی کے تھوک میں مل ہوئی ہے۔ تاکہ ہمارے بیمار کو ہمارے رب کے حکم سے شفا ہو جائے۔

(بخاری و مسلم)

Marfat.com

## بچہ کو مرض یا کسی اور شر سے بچانے کے لئے یہ دعا پڑھے

أُعِيذُكَ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

میں تیرے لئے اللہ کے پورے کلموں کے واسطہ سے ہر شیطان اور زہریلے جانوروں کے شر سے اور ہر ضرر پہنچانے والی آنکھ سے پناہ چاہتا ہوں۔

## نماز حاجت کا طریقہ

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کی اللہ سے کوئی حاجت ہو یا کسی بندہ سے کوئی حاجت ہو تو وضو کرے۔ اور اچھی طرح وضو کرے۔ چار رکعتیں پڑھ کر اللہ کی تعریف کرے۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے،

## یوں دعا مانگے

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو حلیم اور کریم ہے۔ اللہ پاک

Marfat.com

| | |
|---|---|
| رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ | ہے، جو عرش عظیم کا رب ہے ۔ |
| وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ | اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے |
| الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ | ہیں ۔ اے اللہ میں تجھ سے تیری رحمت |
| مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ | کی واجب کرنے والی چیزوں کا اور |
| وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ | ان چیزوں کا سوال کرتا ہوں ۔ جو |
| وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ | تیری مغفرت کو ضروری کر دیں ۔ |
| وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ | اور ہر بھلائی میں اپنا حصہ اور ہر |
| اِثْمٍ لَّا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا | گناہ سے سلامتی چاہتا ہوں ۔ |
| اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا | اے اللہ تو میرا کوئی گناہ بخشے بغیر |
| اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً | اور کوئی رنج دور کئے بغیر اور |
| هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا | کوئی حاجت جو تجھے پسند ہو ۔ |
| قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ | پوری کئے بغیر نہ چھوڑ ۔ اے |
| الرّٰحِمِيْنَ ؀ | ارحم الراحمین ؀ |

(ترمذی وابن ماجہ)

## دعائے استخارہ

### اور اس کا طریقہ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو استخارہ اس طرح (اہتمام سے) سکھاتے تھے ۔ جیسے قرآن شریف کی سورت سکھاتے تھے اور یوں ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ جب تمھیں کوئی کام درپیش ہو تو دو رکعت

Marfat.com

نماز نفل پڑھ کر یہ دعا پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ

جس عبارت پر لکیر کھنچی ہوئی ہے۔ جب اس پر پہونچے۔
تو اپنے کام کا دھیان کرے

## ترجمہ دعائے استخارہ

اے اللہ میں تیرے علم کے ذریعہ تجھ سے خیر مانگتا ہوں اور تیری قدرت کے ذریعہ تجھ سے قدرت طلب کرتا ہوں اور تیرے بڑے فضل کا تجھ سے سوال کرتا ہوں کیونکہ بلاشبہ تجھے قدرت ہے اور مجھے قدرت نہیں اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کو خوب جاننے والا ہے۔ اے اللہ! اگر تیرے علم میں میرے لئے یہ کام

Marfat.com

میری دنیا اور آخرت میں بہتر ہے تو اس کو میرے لئے مقرر فرما۔ اور آسان فرما، پھر میرے لئے اس میں برکت فرما اور اگر تیرے علم میں میرے لئے یہ کام میری دنیا و آخرت میں شر (اور بُرا) ہے تو اس کو مجھ سے اور مجھ کو اس سے دور فرما۔ اور میرے لئے خیر مقرر فرما۔ جہاں کہیں بھی ہو، پھر مجھے اس پر راضی فرما دے۔

## سجدہ تلاوت کی دعا

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ تلاوت میں تین بار یہ دعا پڑھی۔

سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

میرے چہرے نے سجدہ کیا اس ہستی کے لئے جس نے اسے پیدا کیا اور اس کی صورت بنائی اور کھولے اس کے کان اور آنکھیں اپنی خاص حفاظت اور امداد کے ساتھ، برکت والا ہے اللہ بہت اچھا پیدا کرنے والا۔

## زیارت القبور کی دعا

حضرت بریدہ رضہ سے روایت ہے کہ رسول صلعم مسلمانوں کی قبروں پر جاکر پڑھنے کے لئے یہ دعا سکھلاتے تھے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

تم پر سلامتی ہو، اے ان گھروں کے رہنے والے مومنو اور مسلمانو! اور

Marfat.com

وَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ اِنَّا اِنْشَاءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ فَنَسْأَلُ اللّٰہُ لَنَا وَ لَکُمُ الْعَافِيَۃَ

اگر اللہ نے چاہا تو ہم بھی تمہارے پاس یقیناً پہنچنے والے ہیں، ہم اپنے اور تمہارے سب کے لئے اللہ سے عافیت چاہتے ہیں۔

## آئینہ دیکھنے کی دعا

متعدد صحابہ رض روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئینہ دیکھتے وقت یہ دعا پڑھتے

اَللّٰھُمَّ کَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ۔

الٰہی آپ نے جیسے میری صورت اچھی بنائی، میری سیرت بھی اچھی بنا دے۔

## کشائش رزق کی دعا

۱۔ درج ذیل کلمہ پڑھنے کی برکت سے، تکلیفیں اللہ تعالیٰ دور کر دیتا ہے۔ جن میں سب سے کم درجے کی تکلیف فقر و فاقہ ہے۔

لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَ لَا مَلْجَا وَ لَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَيْہِ

نہیں ہے طاقت نقصان سے بچنے اور نہ فائدہ حاصل کرنے کی مگر اللہ کے سوا اور نہیں ہے جائے پناہ، اللہ سے مگر اسی کی طرف۔

۲۔ فقر و فاقہ کی تکلیف دور کرنے کے لئے یہ بھی مروی ہے کہ ہر روز سو بار ورد کیا جائے۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ | نہیں ہے کوئی معبود، مگر اللہ بادشاہ |
| الْحَقُّ الْمُبِيْنُ | سچا ظاہر ۔ |

بلکہ وحشت قبر سے بھی امان ملے گی

## اخلاق رذیلہ سے بچنے کی دعا

شانِ مسلم یہ ہے کہ نفاق، ریا، کینہ اور عادات رذیلہ سے پاک و صاف ہو۔ اس کے لئے یہ دعا پڑھنی چاہیئے جیسے حضرت ام معبد نے روایت کیا ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا کرتے سنا تھا :

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِيْ مِنَ | الٰہی پاک کر میرے دل کو نفاق سے |
| النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ | اور عمل کو ریا سے اور زبان کو جھوٹ |
| الرِّيَاءِ وَلِسَانِيْ مِنَ الْكَذِبِ | سے اور آنکھ کو خیانت سے، کیونکہ |
| وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ | آپ آنکھوں کی چوری اور سینوں |
| تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ | کی پوشیدہ باتوں کو جانتے |
| وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ، | ہیں ۔ |

## دانت اور کان کے درد کی دعا

جو کوئی چھینک کے بعد کہا کرے ۔

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ | سب تعریفیں اللہ رب العلمین کے |
| عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَا كَانَ | لئے ہر حالت پر جیسی بھی ہو ۔ |

تو اس کو دانت اور کان کے درد سے بچاؤ رہے گا ۔

Marfat.com

## حصول محبت الٰہی کے لئے دُعا

حضرت ابودردا رضہ سے روایت ہے کہ جب رسول صلعم حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر فرماتے، تو فرماتے وہ سب سے زیادہ عابد تھے۔ اور ان کی دعاؤں میں ایک دعا یہ بھی تھی۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ | الٰہی! میں آپ سے سوال کرتا ہوں |
| حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ | آپ کی محبت، اور محبت آپ سے |
| وَالْعَمَلَ الَّذِیْ يُبَلِّغُنِیْ | محبت کرنے والے کی اور ایسے عمل |
| حُبَّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ | کہ جو پہنچا دے مجھ کو آپ کی محبت |
| اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَ | تک! الٰہی کر دے اپنی محبت بہت |
| مَالِیْ وَ اَهْلِیْ وَمِنَ | محبوب میری طرف، میری جان سے |
| الْمَآءِ الْبَارِدِ ، | اور میرے مال سے اور میرے اہل سے |
| | اور ٹھنڈے پانی سے۔ |

## اپنے ساتھ احسان کرنیوالے کو یہ دعا دیوے

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا — تجھے اللہ اس کی جزائے خیر دیوے۔

تمت وبالخیر عمت

---

نوٹ: گزارش ہے کہ اگر کتابت میں کہیں زیر و زبر وغیرہ کی کوئی غلطی رہ گئی ہو تو براہ کرم واپسی پر اطلاع دیں۔

(فاروقی السیالوی)

Marfat.com

# تذکرہ اولیائے چشت

جس میں مندرجہ ذیل اولیائے چشت کے تذکار و افکار ارشادات کرامات و معمولات درج ہیں

حصہ اول ——— دوسرا ایڈیشن

۱۔ حضرت خواجہ عثمان ہارونی رح
۲۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رح
۳۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رح
۴۔ حضرت خواجہ مخدوم علاؤالدین صابر کلیری رح
۵۔ حضرت خواجہ گیسو دراز رح
۶۔ حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رح
۷۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رح
۸۔ حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی رح

قیمت بمعہ محصولڈاک

۳/۵۰

حصہ دوئم ——— پہلا ایڈیشن

۱۔ حضرت قبلہ عالم نور محمد مہاروی رح
۲۔ حضرت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی رح
۳۔ حضرت خواجہ محمد نظام الدین تونسوی رح
۴۔ حضرت خواجہ بابا کرم علی شاہ صاحب سیالوی
۵۔ حضرت شمس العارفین سیالوی رح
۶۔ حضرت خواجہ غلام فرید صاحب چاچڑ شریف
۷۔ حضرت خواجہ محمد الدین سیالوی رح
۸۔ حضرت خواجہ ضیا الدین سیالوی رح
۹۔ حضرت خواجہ پیر مہر علی شاہ گولڑوی رح
۱۰۔ حضرت خواجہ نصیرالدین خواجہ آبادی
۱۱۔ حضرت خواجہ پیر حیدر شاہ صاحب جلالپوری

قیمت بمعہ محصولڈاک ۲/۵۰

چھپکر تیار ہے شائقین حضرات آج ہی جلد از جلد منگوالیں ورنہ تیسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے گا

پتہ: قمرالاسلام جامعہ مسجد جان محمد دہلی روڈ، صدر بازار لاہور چھاؤنی

Marfat.com

اسلام کے بنیادی ارکان اور مختلف موضوعات پر عصر حاضر کی عظیم ترین تالیف

# کتاب مجموعہ رسائل و مسائل

خطباء واعظین اور طلباء کے لئے لاجواب تحفہ

تحریر و پیش کش :- مولانا سلطان احمد فاروقی السیالوی

- عبادات اسلامی کی ادائیگی اور معلومات کا بہترین ذریعہ • زندگی کی تاریکیوں کے خلاف جہاد
- جس کے مطالعہ نے ایمان میں تازگی اور اذہان میں انقلاب برپا کیا • تعمیر اخلاق کی بہترین ضمانت
- اصلاح معاشرہ میں قابل قدر اضافہ • طاغوتی طاقتوں پر ضرب کلیم

اس میں اسلام کے بنیادی ارکان کا خاص طور پر ذکر ہے۔
ایمان۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ۔ جہاد۔ قربانی کی فضیلت، برکات اور مفصل طریقہ ادائیگی مدلل انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

گہری بصیرت، ایمان افروز انداز بیان، پرزور دلائل، عام فہم طرز تحریر، افراط و تفریط سے بالاتر اور حضرت شیخ الاسلام سیالوی کے روشن خیالات کی ترجمانی اس کی خصوصیات ہیں۔

عنوانات :- اہمیت نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ۔ جہاد۔ قربانی۔ ذکر الٰہی۔ اتباع نبی و دین حق کے سلسلے۔ اسلامی اخلاق۔ اسلام کے بنیادی عقائد۔ صدقات۔ شہادت فاروق اعظم۔ عیسیٰ ابن مریم۔ فرمان مسیح۔ ارشادات حضرت شیخ الاسلام۔ رشوت و خیانت۔ برکت ثواب اور تبلیغ دین ہے۔

مع ہدیہ قیمت بمعہ محصول ڈاک وغیرہ کے لئے صرف دو روپے ۵۰ پیسے

ناشر: صاحبزادہ فیض الحسن ناظم ادارہ قمر الاسلام جامع مسجد میاں جان محمد دہلی روڈ صدر بازار لاہور چھاؤنی

Marfat.com

اسلام کے بنیادی ارکان اور مختلف موضوعات پر عصر حاضر کی عظیم ترین تالیف

# کتاب مجموعہ رسائل و مسائل

خطباء واعظین اور طلبا کے لئے لاجواب تحفہ

تحریر و پیش کش :- مولانا سلطان احمد فاروقی السیالوی

- عبادات اسلامی کی ادائیگی اور معلومات کا بہترین ذریعہ
- زندگی کی تاریکیوں کے خلاف جہاد
- جس کے مطالعہ نے ایمان میں تازگی اور اذہان میں انقلاب برپا کیا
- تعمیر اخلاق کی بہترین ضمانت
- اصلاح معاشرہ میں قابل قدر اضافہ
- طاغوتی طاقتوں پر ضرب کلیم

اس میں اسلام کے بنیادی ارکان کا خاص طور پر ذکر ہے۔
ایمان ۔ نماز ۔ روزہ ۔ حج ۔ زکوٰۃ ۔ جہاد ۔ قربانی کی فضیلت ، برکات اور مفصل طریقہ ادائیگی مدلل انداز میں بیان کیا گیا ہے ۔

گہری بصیرت، ایمان افروز انداز بیان، پر زور دلائل، عام فہم طرز تحریر، افراط و تفریط سے بالاتر اور حضرت شیخ الاسلام سیالوی کے روشن خیالات کی ترجمانی اس کی خصوصیات ہیں۔

عنوانات : اہمیت نماز ـــ روزہ ـــ حج ـــ زکوٰۃ ـــ جہاد ـــ قربانی ـــ ذکر الٰہی ـــ اتباع نبی ہی دین ہے ـــ [illegible] کے سایہ تلے ـــ اسلامی اخلاق ـــ اسلام کے بنیادی عقائد ـــ صدائے حق ـــ [illegible] صدیق اکبرؓ ـــ شہادت فاروق اعظمؓ ـــ عیسیٰ ابن مریمؑ ـــ فرمان مسیحؑ ـــ [illegible] ارشادات حضرت شیخ الاسلام ـــ رشوت و خیانت ـــــــــ [illegible] باعث برکت ثواب اور تبلیغ دین ہے ۔

[illegible] خزانہ قیمت مع محصول ڈاک وغیرہ کے لئے صرف دو روپے ۵۰ پیسے

ناشر: صاحبزادہ فیض الحسن ناظم ادارہ تعمیر الاسلام جامع مسجد میاں جان محمد دہلی روڈ متصل بازار لاہوری گیٹ [illegible]

Marfat.com

176

قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ

تمہارے رب نے فرمایا، دعا کرو میں قبول کروں گا — سورۃ مومن

رسول اعظم صلی اللہ علیہ وسلم

کی

# پیاری دُعائیں

خطیب اہل سنت سلطان احمد فاروقی سیالوی

فاضل حزب الاحناف پاکستان

لاہور

ناشرانِ

صاحبزادہ عثمان غنی، فیض الحسن فاروق، بلال اشرف

جامعہ جان محمد — صدر بازار — لاہور چھاؤنی

تعداد ۴۰۰۰

Marfat.com